ज्वाला

جوالا

اداکاران

سنیل دت۔ مدھوبالا

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے جوالا مکھی کے

گانا نمبر ۱ طبیعت راہ پر آتی نہیں
میں کیسے سو جاؤں
خلش دل کی کبھی جاتی نہیں
میں کیسے سو جاؤں
تصور میں شب غم یاد ان کی آتو جاتی ہے
وہ آکر دل سے پھر جاتی نہیں
میں کیسے سو جاؤں
صبا چھوتی ہوئی زلفوں کو
ان کی روز آتی ہے
مگر کچھ حال بتلاتی نہیں
میں کیسے سو جاؤں
شب غم یہ بھی میرے حال پر آنسو بہاتی ہے
میری نیندوں نے میرا ساتھ
ایک مدت سے چھوڑا ہے
اجل بھی سامنے آتی نہیں
میں کیسے سو جاؤں
یہ کیا میں سن رہا ہوں

وہ بھی اب دل میں پشیماں ہے
پشیمانی میں نیند آتی نہیں
میں کیسے سو جاؤں

حقیقت میں میرا ہر شعر
اک لوری ہے اے پاگل
مگر یہ مجھ کو راس آتی نہیں
میں کیسے سو جاؤں

گانا برابر۔ دن بھی جاتا ہے رات جاتی ہے
پر دل سے تیری یاد نہیں جاتی ہے
تم بہت دور ہو مجھ سے پھر بھی
تیری معصوم وہ صورت
میری آنکھوں سے نہیں جاتی ہے
دن گزرتا ہے رات آئی نہیں جاتی ہے
پر مجھ کو تیری یاد میں
نیند نہیں آتی ہے
تم دل سے گزرتے ہو
کہ آہٹ تک نہیں ہوتی ہے
تم یوں آواز دیتے ہو
کہ پہچانی نہیں جاتی ہے
مٹ چلے میری امید دن
کی طرح حرف مگر

آج تک تیرے خطوں سے
تیری خوشبو نہیں جاتی ہے
مجھ سے تو یاد ہی اچھی ہے
تو آ کے چلی جاتی ہے
وہ آ کے کبھی نہیں جاتی

گانا نمبر ۳: مجھے تم سے کوئی شکایت نہیں ہے
مجھے تم سے کوئی عداوت نہیں ہے
یہ سچ ہے کہ تم نے
مٹایا ہے مجھکو
خدا کی قسم پھر بھی
نفرت نہیں ہے
سبھی کچھ تم کہنا
مگر یہ نہ کہنا
میرے دل میں تیری
محبت نہیں ہے
ہمارے بنا تم کو
ہے چین لیکن
تمہارے بنا مجھکو
راحت نہیں ہے
یہ سچ ہے کہ تم نے
مجھے غیر سمجھا

مگر جانِ من یہ حقیقت نہیں ہے
بھلا کر نہیں چین پاؤں میں لیکن
مجھے بھول جانے کی چاہت نہیں ہے
نہ میرے ہوئے تم فقط اس لئے ہی
مجھے زندہ رہنے کی حسرت نہیں ہے
اُٹھو شہزادہ اب چلو اس جہاں سے
کسی کو بھی تم سے محبت نہیں ہے

گانا بلا:- جوانی کی بیکل اداؤں پہ روئے
محبت کی تیکھی قضاؤں پہ روئے
چمن میں جنہیں مسکرانا نہ آیا
سسکتی ہوئی اُن اداؤں پہ روئے
بڑی بے بسی سے قفس پھونک ڈالا
بہاروں کی چنچل گھٹاؤں پہ روئے
تمنا ہے دل میں کبھی تو برستے
محبت کی بکھری گھٹاؤں پہ روئے
کرے کون اُن کی جفاؤں کا شکوہ
ارے ہم تو اُن کی وفاؤں پہ روئے

ختم شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	عملیات نیشی کرن	2/-/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	اندرجال	1/4/-
عملیات قلوب	2/-/-	اُستاد جادوگراں	3/-/-
مکمل جادوگری	2/8/-	جادو مسمریزم	2/-/-
چین بنگال کا جادو	-/12/-	کالا جادو	4/-/-
کامروپ کا جادو	-/12/-	ٹونا تنتر	3/-/-
رہنما جادوگری	1/4/-	کوک تنتر	4/-/-
نقش سلیمانی	1/-/-	نقش روحانی	-/12/-
تعویز سلیمانی	1/-/-	کنز الحسین	2/-/-

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین	2/-/-	قیامت نامہ	-/8/-
قصص الانبیاء	3/-/-	بہشتی زیور اول حصہ	-/12/-
ہزار مسئلہ	-/12/-	″ ″ مکمل	8/-/-
صبح کا ستارہ	-/12/-	فسانہ آدم	-/8/-
شہید کربلا	-/8/-	فرائض المسلمین	-/6/-
قصہ حضرت ایوب	-/8/-	صبر فاطمہ	-/8/-
معراج رسول	-/8/-	نماز کا پھل	-/3/-

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی